# ثلاثی مجرد کے چھ(6) ابواب

Six Patterns of 3 letter verb

اصل میں فعل ماضی کے تین بنیادی وزن ہیں۔جو آپ پڑھ چکے ہیں۔فَعَلَ . فَعِلَ . فَعُلَ

فَعَلَ . يَفْعَلُ (اس مذکر نے کام کیا۔وہ مذکر کام کرتا ہے یا کرے گا (He worked. He works/will work.

فعل ماضی سے فعل مضارع بناتے ہوئے فعل ماضی کے عین کلمہ کی حرکت فعل مضارع عین کلمہ کی حرکات کے بدلنے سے مختلف وزن بنتے ہیں۔جن سے چھ گروپ بنائے گئے ہیں۔

فعل ماضي (past tense) and فعل مضارع (imperfect tense) have different patterns of which the basic pattern is فَعَلَ ۔يَفْعَلُ.
While forming فعل مضارع from فعل ماضي different patterns are formed due to change of the vowel sign of عين كلمه (second radical) of فعل ماضي to the vowel sign of عين كلمه of فعل مضارع. Thus six patterns have been formed.

عربی قواعد بنانے والوں نے ہر وزن کے گروپ کا نام باب رکھ دیا۔جو کہ دراصل ماضی اور مضارع کے اوزان ہیں جن کو ابواب کا نام دے دیا گیا ہے۔سمجھنے اور یادرکھنے کی آسانی کے لیے ان ابواب کا نام چھ افعال پر رکھ دیا گیا ہے۔نیچے دیئے اوزان اور ابواب کے چارٹ پر غور کیجیے۔

The Arabic grammarians have named each group as باب.The plural is ابواب. They are named after six verbs to make it easy to understand and retain them. Go through the following patterns carefully

\

| باب1 | باب2 | باب3 | باب4 | باب5 | باب6 |
|---|---|---|---|---|---|
| كَتَبَ-يَكْتُبُ | جَلَسَ – يَجْلِسُ | ذَهَبَ-يَذْهَبُ | كَثُرَ-يَكْثُرُ | شَرِبَ-يَشْرَبُ | وَرِثَ-يَرِثُ |
| وزن فَعَلَ - يَفْعُلُ | وزن فَعَلَ - يَفْعِلُ | وزن فَعَلَ - يَفْعَلُ | وزن فَعُلَ - يَفْعُلُ | وزن فَعِلَ - يَفْعَلُ | وزن فَعِلَ - يَفْعِلُ |
| نَصَرَ يَنْصُرُ | ضَرَبَ يَضْرِبُ | فَتَحَ يَفْتَحُ | كَرُمَ يَكْرُمُ | سَمِعَ يَسْمَعُ | حَسِبَ يَحْسِبُ |
| ك ت ب | ج ل س | ذ ه ب | ك ث ر | ش ر ب | و ر ث |
| س ج د | غ ف ر | س ء ل | ض ع ف | ح ز ن | و ر م |
| خ ر ج | ک ذ ب | ق ط ع | ک ر م | ع ل م | و ر ع |
| ر ز ق | ک س ب | م ن ع | ب ع د | غ ض ب | و ر ث |


© copy rights reserved

اوپر دیئے گئے چھ (ابواب) دروازوں پر غور کریں۔ ہر دروازے کا نام ثلاثی مجرد کے چھ افعال کے نام پر رکھا گیا ہے۔ جو اصل میں افعال کے چھ وزن ہیں۔

Look through the above ابواب (doors) carefully. Every door bears the name of a verb from six verb patterns of three lettered roots.

ان دروازوں سے جو بھی تین حرفی مادہ گذرے گا، وہ اُس دروازے پر لکھے فعل کے وزن میں ڈھل جائے گا۔ ان تین حرفی مادہ سے ماضی اور مضارع کے جو افعال بنیں گے اُن کی حرکات اور زائد حروف اُس باب (دروازے) کے فعل کے وزن کے مطابق ہو گا۔ یہ وزن فعل ماضی کے عین کلمہ کی حرکت کا فعل مضارع کی عین کلمہ کی حرکت کے تبدیل ہونے سے بنتے ہیں

Any three lettered root passing through a door will get the pattern written on it. The vowel signs of فعل ماضي and فعل مضارع, formed from the three lettered roots, will be in accordance with the pattern of the verb written on the باب.

| فعل ماضی اوزان | فعل مضارع اوزان | فعل ماضی – مضارع ابواب | عين كلمة حركت | علامت ابواب | ابواب/گروپ نمبر |
|---|---|---|---|---|---|
| | فَعَلَ – يَفْعُلُ | نَصَرَ–يَنْصُرُ | ـَ – ـُ | ن | 1 |
| فَعَلَ | فَعَلَ–يَفْعِلُ | ضَرَبَ–يَضْرِبُ | ـَ – ـِ | ض | 2 |
| | فَعَلَ – يَفْعَلُ | فَتَحَ – يَفْتَحُ | ـَ – ـَ | ف | 3 |
| فَعِلَ | فَعِلَ – يَفْعَلُ | سَمِعَ–يَسْمَعُ | ـِ – ـَ | س | 4 |
| | فَعِلَ – يَفْعِلُ | حَسِبَ–يَحْسِبُ | ـِ – ـِ | ح | 5 |
| فَعُلَ | فَعُلَ – يَفْعُلُ | كَرُمَ–يَكْرُمُ | ـُ – ـُ | ک | 6 |


© copy rights reserved

اوپر دیئے گئے چھ (ابواب) دروازوں پر غور کریں۔ ہر دروازے کا نام ثلاثی مجرد کے چھ افعال کے نام پر رکھا گیا ہے۔ جو اصل میں افعال کے چھ وزن ہیں۔ ان دروازوں سے جو بھی تین حرفی مادہ گذرے گا، وہ اُس دروازے پر لکھے فعل کے وزن میں ڈھل جائے گا۔ ان تین حرفی مادہ سے ماضی اور مضارع کے جو افعال بنیں گے اُن کی حرکات اور زائد حروف اُس باب (دروازے) کے فعل کے وزن کے مطابق ہو گا۔ یہ وزن فعل ماضی کے عین کلمہ کی حرکت کا فعل مضارع کی عین کلمہ کی حرکت کے تبدیل ہونے سے بنتے ہیں

Look through the above ابواب (doors) carefully. Every door bears the name of a verb from six verb patterns of three lettered roots. Any three lettered root passing through a door will get the pattern written on it. The vowel signs of فعل ماضي and فعل مضارع, formed from the three lettered roots, will be in accordance with the pattern of the verb written on the باب.

اوپر دیے گئے چارٹ میں آپ نے دیکھا کہ فعل ماضی "فَعَلَ" کے وزن پر آنے والے تمام افعال تین گروپس میں تقسیم ہو جاتے ہیں اور یہ تقسیم ان کے مضارع کے وزن کی بنیاد پر ہوتی ہے جس کے مطابق 3 گروپس صرف "فَعَلَ" کے ساتھ بنتے ہیں۔ اور باقی "فَعِلَ" سے 2 گروپ بنتے ہیں۔ اور آخری "فَعُلَ" کا ایک الگ گروپ بنتا ہے۔

Look carefully through the following chart. All the verbs on the pattern فَعَلَ of فعل ماضي get divided into three groups. This division is based on the pattern of their مضارع. Three of them are formed with the pattern فَعَلَ, two with فَعِلَ and the last one with فَعُلَ .

ثلاثی مجرد کے زیادہ استعمال ہونے والے ابواب: یاد رہے کہ ثلاثی مجرد کے 6 ابواب میں سے پہلے 4 باب زیادہ تر استعمال ہوتے ہیں۔

Point to remember is that the most used patterns are the first four ones.

باب كَرُمَ – يَكْرُمُ بہت کم استعمال ہوتا ہے۔ كَرُمَ - يَكْرُمُ is not used very often.

باب حَسِبَ – يَحْسِبُ نہ ہونے کے برابر استعمال ہوتا ہے۔ حَسِبَ-يَحْسِبُ is used very rarely.

اس باب سے صرف چند افعال استعمال ہوئے ہیں مثلاً Very few verbs have been used in this pattern.

وَرِمَ-يَرِمُ (وہ سُوجا۔ وہ سُوجتا ہے۔ وہ سُوجے گا۔) (He swelled. He swells/will swell.) وَرِمَ-يَرِمُ

وَرِثَ -يَرِثُ (وہ وارث ہوا۔ وہ وارث ہوتا ہے۔ وہ وارث ہو گا) (He inherited. He inherits/will inherit) وَرِثَ - يَرِثُ

 © copy rights reserved 

اس باب کے استعمال ہونے والے افعال میں صحیح حروف والے افعال کم ہیں۔ There are few صحیح افعال in this pattern.

کونسا فعل کونسے باب سے ہے: اوزان اور ابواب کو جاننے کے بعد اب سوال یہ پیدا ہوتا ہے کہ ہمیں یہ کیسے معلوم ہوگا کی کونسا فعل کس باب سے ہے کس وزن پر ہے؟ تو اس کیلئے پہلا طریقہ تو پریکٹس ہے اور کوئی نیا فعل جاننا ہو تو اس کیلئے لغت یعنی ڈکشنری میں دیکھنا ہوگا۔

Which فعل is from which باب, which pattern? How to know it? The first way is the practice and the second is the dictionary.
How to use a dictionary: In Arabic dictionary there are two ways to show the name of the باب along with the root.

**ڈکشنری دیکھنے کا طریقہ:** عربی لغت میں مادّہ کے ساتھ باب کا نام ظاہر کرنے کے دو طریقے ہیں:

(1): کچھ ڈکشنریوں میں عموماً مادّہ کے ساتھ باب کی علامت لکھ دی جاتی ہے مثلاً فَرِحَ فعل باب سَمِعَ سے ہے تو فعل کے سامنے (س) لکھا ہوتا ہے اسی طرح باقی ابواب کی علامات بھی لکھی ہوتی ہیں۔

1)In some dictionaries, the sign of **باب** is written against the root. e.g. فَرِحَ is from باب سَمِعَ, So **(س)** is written against the verb.
In the same way the signs of other **ابواب** are written.

(2): دوسرا اور جدید طریقہ یہ ہے کہ ماضی کا صیغہ لکھ کر آگے مضارع کے عین (ع) کلمہ کی حرکت لکھ دی جاتی ہے

جیسے فَرِحَ (َ-) اسکا مطلب فَرِحَ کا مضارع يَفْرَحُ یعنی سَمِعَ -يَسْمَعُ باب سے ہے۔


2) The second and modern way is to write the past tense form of the verb and then write the vowel sign of **عين** (ع) كلمه of مضارع. e.g. فَرِحَ (َ-) It means **مضارع** of فَرِحَ is يَفْرَحُ which **is** سَمِعَ -يَسْمَعُ باب.


**ایک فعل مختلف ابواب سے:** ایک ہی فعل کبھی ایک سے زیادہ ابواب سے بھی آ سکتا ہے۔ مگر آپ اپنی مرضی سے کسی فعل کو کسی باب میں نہیں لا سکتے۔ باب کے بدلنے سے معنی بھی بدل جاتا ہے۔


One **فعل** can occur from different **ابواب**: But we cannot assign any **باب** to any **فعل**. Change of **باب** causes a change in meanings.
The pattern for **ماضي**, The pattern for **مضارع**, vowel sign of second radical, Signs of **ابواب**.


 © copy rights reserved 


# الِفعلُ الثُّلاثِي المُجَرَّدُ (ابواب) Three Letter Arabic Verb Groups Riddle.










© copy rights reserved





© copy rights reserved